आधी रात के बाद

آدھی رات کے بعد

اداکاران

اشوک کمار۔ راگنی

سیتش کمار۔ آغا

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

گانا نمبرا آدھی رات کے بعد فلم کے

بڑی رنگین ہے رنگوں کی یہ شام
بڑی رنگین ہے.....
نظر بھر دیکھ لو جنت ہے اسی کا نام
بڑی رنگین ہے.....
رنگیلے راستوں پہ کچھ ایسے ہیں نظارے
اُتر آئے ہوں جیسے زمین پہ چاند تارے
جدھر جاکے نظر ٹھہرے وہیں پہ سمجھو دل کو مل گیا آرام
بڑی رنگین ہے....
ہے ڈوبا مستیوں میں سارا زمانہ
وہیں پہ تو بھی کھو جا کیسے موسم سہانا
ادھر دیکھو ذرا ہنس کے کہہ دیتی ہے نظر تمکو پیار کا پیغام
بڑی رنگین ہے....
نہ جانے اِس ہواؤں میں نشہ کیسا بھرا ہے
کہ جو اک بار آیا یہیں کا ہو گیا ہے
بچلنے دو جو دِل مچلے کہ دیکھا جائیگا جو ہو پیار کا انجام
بڑی رنگین ہے....
بڑی رنگین ہے....

گانا نمبر ۱۲ بکھرے یہ تیرے بجلی کی چمک
زلفوں میں گھٹا لہراتی ہے
چل تھم کے ذرا او شعلہ بدن میری جان نکلتی جاتی ہے
چل تھم کے.....

ہر جلوا تیرا ہے قاتل ہر ایک ادا دل توڑے
ہے چال میں تیزی جیسے اک تیر کماں سے چھوٹے
جب چلتی ہو ہم کہتے ہیں سبھی
ہٹ جاؤ قیامت آئی ہے
بکھرے یہ تیرے.....
چل تھم کے ذرا.....

ناگن کی طرح بل کھاتی ڈالو نہ ادھر تم پھیرے
ہیں تاک لگائے بیٹھے ہم جیسے تو لاکھ سپیرے
کتنا بھی زہر ناگن میں رہے
جب بین بجے پھنس جاتی ہے
بکھرے یہ تیرے..
چل تھم کے ذرا...

دل چیز ہے کھونے والی اسکو اتنا نہ سنبھالو
آنکھوں میں لیا لوں گا میں یہ دل جو مجھکو دے ڈالو
نادان ہو تم نادانوں سے ہر چیز کہیں کھو جاتی ہے
بکھرے یہ تیرے..
چل تھم کے ذرا...

گانا نمبر۳:۔ ارے ہاں ہاں ہاں اجی او
او گوری تیری بانکی ہائے ہائے رام
او گوری تیری بانکی بانکی چتون میں اُلجھ کے
جیا مورا موبل کھائے
او گوری تیری بانکی ——

مدھ بھری انکھیوں میں ڈورے گلابی
جسکو تو دیکھے کردے شرابی
گر کے اُٹھے اُٹھ کے گرے سنبھل نہ پائے
او گوری توری بانکی ——

گورے گورے مکھڑے پہ کالا جو تل ہے
اُلکا اسی میں میرا جو دل ہے
جھٹکا بہت پٹکا بہت نکل نہ پائے
او گوری توری بانکی ——

زلفوں میں پھنس گئی ایسے نجریا
تڑپے ہے جال میں جیسے مچھریا
پل میں اِدھر پل میں اُدھر ہاتھ نہ آئے
او گوری توری بانکی ——

گانا نمبر۴ لڑکا:۔ بہت حسین ہیں تمہاری آنکھیں
کہو تو میں ان سے پیار کر لوں
لڑکی:۔ بڑا ہے دھوکا تیری نظر میں
میں کس طرح اعتبار کر لوں

لڑکا:۔ بہت حسین ہیں تمہاری....

〃 یہ بھینی بھینی ہوا کی خوشبو
مہک نے تیرے ہی تن بدن کی

لڑکی: سنبھل کے توڑو چٹک نہ جائے کوئی نویلی کلی چمن کی

لڑکا:۔ میری کلی تم اگر کہو تو میں زندگی کو بہار کر لوں

لڑکی:۔ بڑا ہے دھوکا ——

〃 ہزار باتیں ہیں ایسی دل میں
جو رک گئی ہیں زباں پہ آکے

لڑکا:۔ جو بات لب پہ مچل رہی ہے
وہ آج کہہ دوں نظر ملا کے

لڑکی: کسی کے ہو کے یہ چین کھو کے
میں دل کو کیوں بیقرار کر لوں

لڑکا:۔ بہت حسین ہیں ——

〃 گنو نہ اب دھڑکنیں ہماری
نہ اور لو امتحاں ہمارا

لڑکی:۔ اسے نہ سمجھو تم آزمائش
یہی تو الفت کا ہے اشارہ

لڑکا: اگر یہ سچ ہے تو مرتے دم تک
میں آپ کا انتظار کر لوں

لڑکی:۔ بڑا ہے دھوکا....

لڑکا بہت حسین ہیں ——

گانا نمبر ۵:۔ یہ کافر نظر ٹکرائی دِل کی ہوئی رسوائی
تھی آنکھوں کی خطا پر دل نے سزا پائی
لڑکا:۔ کافر نظر ٹکرائی دِل کی ہوئی رسوائی
تھی آنکھوں کی خطا پر دل نے سزا پائی
دونوں:۔ کافر نظر ٹکرائی
لڑکا:۔ نہ وحشت نہ جنوں تھا کہ پہلے تو نہ یوں تھا
لڑکی:۔ نہ وحشت نہ جنوں تھا کہ پہلے تو نہ یوں تھا
ہمارے دل کا عالم بڑا ہی پُر سکوں تھا
لڑکا:۔ غضب ہو گیا چلمن تو نے سرکائی
دونوں:۔ کافر نظر ٹکرائی
لڑکی:۔ دُہائی ہے خدایا یہ اچھا نام پایا
لڑکا:۔ دُہائی ہے خدایا یہ اچھا نام پایا
کہ لوگوں نے ہمارا تعارف یوں کرایا
لڑکی:۔ اِدھر دیکھے وہ بیٹھے ہیں سودائی
دونوں:۔ کافر نظر ٹکرائی
لڑکا:۔ یہ چرچا عام ہو گا۔ سویرے شام ہو گا
لڑکی:۔ یہ چرچا عام ہو گا۔ سویرے شام ہو گا
زمانے کے لبوں پر ہمارا نام ہو گا
دونوں:۔ لگے ڈھونڈنے ہم محفل میں تنہائی
کافر نظر ٹکرائی

گانا نمبر ۱۶ :-

میرا دِل بہاروں کا وہ پھول ہے
میرا دِل بہاروں کا وہ پھول ہے
جسے گلستان کی نظر لگ گئی
کسی نے جلایا نہیں یہ چمن
اسے باغباں کی نظر لگ گئی

یہ سچ ہے کہ تم نے مجھے غم دیا
نہیں پھر بھی میں نے نہ رسوا کیا
کسی نے جو پوچھا تو یہ کہہ دیا
مجھے آسمان کی نظر لگ گئی

مجھے اس زمانے نے لوٹا نہیں
یہ دِل بدنصیبی سے ٹوٹا نہیں
ستمگر کوئی مجھ سے روٹھا نہیں
اسے مہرباں کی نظر لگ گئی

نظر مسکرائی تھی جس کے لئے
اسی نے نگاہوں کو آنسو دیئے
جہاں دِل دیوانے نے سجدے کیئے
اسی آستاں کی نظر لگ گئی

ختم شد

عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں

عملیات تسخیر عالم	-/-/3	عملیات شنی کرن	-/-/2
عملیات تسخیر محبوب	-/8/1	اندر جال	-/8/1
عملیات قلوب	-/-/2	استاد جادوگراں	-/-/3
مکمل جادوگری	-/8/2	جادو مسمریزم	-/-/2
چین بنگال کا جادو	-/12/-	کالا جادو	-/-/4
کامروپ کا جادو	-/12/-	اُتو تنتر	-/-/3
رہنما جادوگری	-/4/1	کوآ تنتر	-/-/4
نقش سلیمانی	-/-/1	نقش روحانی	-/12/-
تعویز سلیمانی	-/-/1	کنز الحسین	-/-/2

اسلامی لٹریچر کی کتابیں

رکن الدین	-/-/2	قیامت نامہ	-/9/-
قصص الانبیاء	-/-/3	بہشتی زیور اول حصہ	-/12/-
ہزار مسئلہ	-/12/-	” ” مکمل	-/-/8
حج کا ستارہ	-/12/-	فسانہ آدم	-/8/-
شہید کربلا	-/8/-	ضرورت المسلمین	-/6/-
قصہ حضرت ایوب	-/8/-	صبر فاطمہ	-/8/-
معراج رسول	-/8/-	نماز کا پھل	-/3/-

ملنے کا پتہ:- دکن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی